سوال

(895) پستان بچے کے منہ میں جانے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو عورتیں حمام میں تھیں کہ ایک نے اپنا بچہ دوسری کو پکڑایا، اور پھر اچانک دیکھا کہ اس پکڑنے والی کی چھاتی اس بچے کے منہ میں تھی، تو اس نے فوراً اسے اپنے سے دور کر دیا اور کچھ معلوم نہیں کہ اس نے کچھ پیا بھی ہے یا نہیں۔ کیا اس صورت میں اس بچے کے لیے مذکورہ عورت کی لڑکیوں میں سے کسی کے ساتھ نکاح کر لینا جائز ہو گا یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں اس بچے کے لیے اس عورت کی کسی لڑکی سے شادی کرنا کوئی حرام نہیں ہے، یہ اس کی ماں نہیں بنی ہے، اور محض شک کی بنا پر ائمہ اربعہ میں سے کسی کے نزدیک بھی حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 627

محدث فتویٰ